# بنگلہ دیش کی وزیر اعظم نے صدر سے ملاقات کی

22 جون، 2024

عوامی جمہوریہ بنگلہ دیش کی وزیر اعظم ایچ۔ای شیخ حسینہ نے آج (22 جون 2024) راشٹرپتی بھون میں صدر محترمہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔

وزیر اعظم شیخ حسینہ کا خیرمقدم کرتے ہوئے صدر نے کہا کہ انہیں نئی حکومت کی تقریب حلف برداری کے چند دن بعد ہی ان سے دوبارہ مل کر خوشی ہوئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ باقاعدہ بات چیت دوستی اور تعاون کے پائیدار جذبے کی عکاسی کرتی ہے، جس کا آغاز بنگلہ دیش کی 1971 کی جنگ آزادی کے سفر سے ہوا تھا۔

صدر کو یہ جان کر خوشی ہوئی کہ وزیر اعظم شیخ حسینہ کی قیادت میں بنگلہ دیش نے نمایاں اقتصادی ترقی کی ہے۔

صدر نے نوٹ کیا کہ ہندوستان اور بنگلہ دیش مختلف شعبوں میں اپنے تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں اور نئے شعبوں میں بھی داخل ہو رہے ہیں۔ انھوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ اس سے ہندوستان-بنگلہ دیش تعلقات کے مستقبل کی راہ ہموار ہوگی۔

گرمجوشی اور دوستانہ بات چیت کے دوران، دونوں رہنماؤں نے اقتصادی تعلقات، ترقیاتی شراکت داری، دفاعی تعاون، توانائی کی حفاظت اور رابطے سمیت تمام شعبوں میں تعلقات کو بڑھانے کے لیے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا۔

09 جون 2024 کو نئی حکومت کے قیام کے بعد یہ ہندوستان کا پہلا سرکاری دورہ ہے۔

**نئی دہلی**
**22 جون،2024**